26342- کسی دوسرے کی جانب سے حج کرنے کے لیے حاصل کیے گئے اخراجات میں کمی یا زیادتی ہوجائے توکیا حکم ہے ؟

سوال

اگرکسی شخص نے میت کی جانب سے حج کرنے کے لیے دوسرے شخص کومحدود رقم دی اوروہ حج کی ادائیگی کے لیے چلاگیا ، اوراس کے اخراجات اس رقم سے کم ہوئے یا بڑھ جائيں تواس کا حکم کیا ہوگا ؟

میری گزارش ہے کہ آپ یہ بھی وضاحت فرمائيں کہ آیا جب اس نے میت کی جانب سے اس کام کواحسن انداز میں سرانجام دیا تواسے اجروثواب بھی حاصل ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

مسلمان اپنی شروط پرقائم رہتے ہیں ، لھذا اگررقم دینے اورلینے والوں کے مابین یہ شرط طے ہوئی کہ اگراس میں کمی ہوگی تووہ ادائيگی کرے گا اوراگراخراجات سے رقم بڑھ جائے تواسے واپس کرنا ہوگی ، توپھرہرایک کواس کی وفا کرنا ہوگی اورشرط پرعمل کریں گے ۔

لیکن اگران کے مابین کوئ شرط نہیں رکھی گئ توپھروہ زائدرقم رکھے گا اورکمی کوپورا کرے گا ، اوررہا اجروثواب کا معاملہ تواگروہ اچھی اورصالح نیت سے مال لیتا اورجواس پرواجب ہے اس کی ادائيگی کرتا ہے توان شاء اللہ اسے اجروثواب بھی حاصل ہوگا

۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔